سوال

(181) کیا عشر کے لیے ہر جنس کا پانچ وسق ہونا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید نے اپنی اراضی میں مٹر، جو، نخود (چنے) کی کاشت کی، فرداً فرداً ہر جنس کی پیداوار تین وسق کو نہیں پہنچتی، مگر ہر جنس کی پیداوار مل کر تین وسق ہو جاتی ہے، تو زکوۃ لازم آئے گی یا کیا اور زکوۃ ہر جنس سے علیحدہ دی جائے گی یا کیا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پیداوار اراضی پر زکوۃ جب فرض ہوتی ہے کہ پیداوار مذکور پانچ وسق یا اس سے زائد ہو۔ پانچ وسق سے کم ہو تو اس میں زکوۃ فرض نہیں ہے اور اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ آیا ہر جنس پانچ پانچ وسق ہو، تب زکوۃ فرض ہے یا سب مل کر پانچ وسق ہو جائے، تب بھی زکوۃ فرض ہو جاتی ہے؟ میں اس مسئلے کا جواب دینے کے لیے پوری طرح سے تیار نہیں ہوں، لیکن ظاہراً جہاں تک مجھے معلوم ہوتا ہے، یہی ہے کہ ہر جنس پانچ پانچ وسق ہو، تب زکوۃ فرض ہوتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

کتاب الزکاۃ والصدقات، صفحہ: 357

محدث فتویٰ